9th India-Colombia Foreign Office Consultations

May 07, 2021

ہندوستان۔ کولمبیا کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق 9ویں مشاورت

07 مئی، 2021

1۔ ہندوستان اور کولمبیا کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق 9 ویں دور کی مشاورت 07 مئی 2021 کو ویڈیو کانفرنس کے ذریعے منعقد ہوئی۔

2۔ بھارتی فریق کی قیادت سکریٹری (مشرق) محترمہ ریوا گنگولی داس نے کی۔ جبکہ کولمبیا کے فریق کی قیادت کولمبیا کے وزارت خارجہ کے نائب وزیر برائے امور خارجہ، جناب فرانسسکو جیویر ایچیوری نے کی۔

3۔ چار سالوں کے بعد منعقدہ یہ مشاورت ایک ایسی فضا میں منعقد ہوئی جس میں دوطرفہ تعلقات کی خوشگوار نوعیت کی عکاسی ہوتی ہے اور اس کے ذریعہ سیاسی، تجارت اور معاشی تعاون، زراعت، خلا، توانائی، صحت اور دواسازی، سیاحت، انفارمیشن ٹکنالوجی، تعلیم، ترقیاتی شراکت داری، کھیل اور ثقافت سمیت دوطرفہ تعاون کے تمام شعبوں کا جامع جائزہ لینے کا موقع فراہم ہوا۔ دونوں فریقین نے باہمی طور پر قائم شدہ ڈائیلاگ میکانزم کے ذریعے ان شعبوں میں ڈائیلاگ کو تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

4۔ دونوں فریقین نے کووڈ-19 وبائی مرض کے اثرات اور اس کے خاتمے کے لئے متعلقہ قومی حکمت عملی پر بھی تبادلہ خیال کیا جس میں بہترین طریقوں، انتظام کی حکمت عملیوں اور طبی تحقیق کے تبادلے میں باہمی تعاون کے ممکنہ شعبوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔

5۔ دونوں فریقین نے اقوام متحدہ میں تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا، اور دلچسپی کے کثیر الجہتی امور پر ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

07 مئی، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.